Chicago Public Schools

# CPS کا تین سالہ
# بنیادی منصوبہ (2022-2025)

## عزائم نو اور تصور نو



# جدول برائے مندرجات


CPS کی قیادت کی جانب سے ایک نوٹ 3

تعارف 4
ہمارا کار عزم 4
ہماری بنیادی اقدار 5
CPS گریجویٹ پروفائل 5

عزائم نو 6
اکادمیاتی پیش رفت 6
تدریسی کور 6
اکادمیاتی پیش رفت (جاری) 7
1. اعلیٰ معیار پر استوار سخت تدریس 7
2. باصلاحیت اور بااختیار اساتذہ 7
3. حفاظت، صحت مندی اور معاون آموزشی کمیونٹیز 7
آپریشنل ایکسیلنس (سابقہ "مالی استحکام") 8
1. اعلیٰ معیار کی سروسز 8
2. منصفانہ وسائل 8
اعتماد کی تعمیر (سابقہ "سالمیت"): 9
1. شمولیتی شراکت داریاں 9
2. شفافیت 9

تصور نو 10








# CPS کی قیادت کی جانب سے ایک نوٹ

گزشتہ دو دہائیوں میں، CPS نے ہمارے طلباء کو درست راستوں پر گامزن ابھرتے ہوئے نوعمر کی شرحوں، بڑھتی فارغ التحصیلی کی شرحوں سے لیکر حاصل کردہ اسکالرشپس کی ریکارڈ تعداد تک — نئی بلندیوں تک پہنچنے میں مدد کرنے کے لیے قابل ذکر پیشرفت کی ہے. اور مارچ 2019 میں، CPS نے اس کامیابی کو فروغ دینے کے لیے ایک اولوالعزم پانچ سالہ نقطہ نظر کا اجراء کیا.

تاہم، ایک سال سے بھی کم عرصہ بعد ہی، ہماری دنیا اور ہمارے ڈسٹرکٹ کو COVID-19 کے وبائی مرض نے تلپٹ کر رکھ دیا.

اس صدمہ انگیز، غیر یقینی اور خلل انگیزی کے عین مابین، ہمارے طلباء اور عملہ مسلسل کامیابیاں حاصل کرتے رہے اور ثابت قدم رہے. لیکن ان کی لچکداری کے باوجود، ان گزشتہ کئی سالوں نے ہمارے طلباء پر تعلیمی، سماجی اور جذباتی طور پر گہرے اثرات مرتب کیے اور انہوں نے ہمارے معاشرے کی کچھ مشکل ترین صورتحال کو جنم دیا ہے جو کہ وبائی مرض سے عرصہ دراز قبل سے موجود رہی تھیں: یعنی معاشی عدم مساوات، ذہنی صحت کے مسائل، نسلی ناانصافی، اور دیگر.

ہماری ذمہ داری نہ صرف وبائی مرض کے دوران کھو جانے والی حالت کو بحال کرنا ہے بلکہ پھر سے یہ سوچنا ہے کہ ہمارا ڈسٹرکٹ ہمارے شہر اور اس کے بچوں کی آئندہ سالوں میں ضروریات کو احسن طور پر کیسے پورا کر سکتا ہے.

اس بنیادی منصوبہ کا مقصد یہی ہے کہ — اس بات کا ایک خاکہ پیش کیا جائے کہ ہم جلد ہی ان مشکلات کے تئیں کس طرح سے فوری ردعمل پیش کر رہے ہیں اور کہ ہم کس طرح اپنے پورے ڈسٹرکٹ میں دیرینہ مواقع کے خلاء کے خلاف مل کر ساختی ازالہ و حل تشکیل دینے کے لیے اپنی کمیونٹیز کو مشغول عمل کر رہے ہیں.

ہم یہ بات جانتے ہیں کہ ترقی راتوں رات ممکن نہیں ہوتی اور نہ ہی یہ حادثاتی طور پر واقع ہوتی ہے. ترقی تب ہی ممکن ہوتی ہے جب ہم شکاگو کے بچوں کو فراہم کی جانے والی تعلیم اور معاونت کو بہتر بنانے کے تئیں مسلسل جدوجہد کرتے ہیں؛ کیونکہ ہم حکمت عملی اپناتے ہوئے وسائل کو ان جگہوں پر استعمال کرتے ہیں جہاں ان کی سب سے زیادہ ضرورت ہوتی ہے؛ اور ہمارے خاندانوں اور عملے کی طرف سے دن رات بروئے کار لائی جانے والی کاوشوں کے سبب، توقع سے بھی زیادہ بہتر کر کے جس سے ہمارے طلباء کو بڑھنے اور پھلنے پھولنے میں مدد ملتی ہے.

ہم ہر دن اپنے طلباء کی قابلیت اور استقامت سے؛ ہمارے اساتذہ کے عزم و مہارت سے؛ اور ہمارے بچوں کے والدین، خاندانوں اور کمیونٹیز کے جذبے اور لگن سے متاثر ہوتے ہیں. آئیں بڑا خواب دیکھیں اور مل جل کر آگے کا راستہ تعمیر کریں.



**پیڈرو مورٹینز (Pedro Martinez)**
چیف ایگزیکٹو آفیسر
شکاگو پبلک سکولز



**بوگڈانا چکومبوا (Bogdana Chkoumbova)**
چیف ایجوکیشن آفیسر
شکاگو پبلک سکولز

## تعارف

یہ بنیادی منصوبہ کارروائی کے تئیں ہماری پُکار ہے — تاکہ اس لمحے کے چیلنج کو پورا کر سکیں اور ایک بہتر، زیادہ مساویانہ ڈسٹرکٹ بنانے کے موقع سے فائدہ اٹھا سکیں. اسے پانچ سالہ حکمت عملی کے منصوبہ میں بیان کردہ اہم امور پر استوار کیا گیا ہے جسے 2019 میں ہماری کمیونٹی کے ساتھ ان دو اہم طریقوں کی بنیاد پر تیار کیا گیا تھا: یعنی COVID-19 کے اثرات کو کم کرنے کے لیے مزید کچھ کرنے کی ہماری ذمہ داری کو تسلیم کر کے، اور دیرینہ چیلنجز اور مواقع کے فرق کا مقابلہ کر کے جو ہمارے طلباء اور ہماری کمیونٹیز کو متاثر کرتے ہیں.

اس بلوپرنٹ کے دو بنیادی سیکشنز ہیں: **عزائم نو** اور **تصور نو**. **عزائم نو** کا سیکشن ان ثابت شدہ، ڈیٹا سے ماخوذ حکمت عملیوں کا خاکہ پیش کرتا ہے جسے CPS وبائی مرض سے پیدا ہونے والے چیلنجز سے نمٹنے کے لیے فوری طور پر استعمال کر رہے ہیں اور آگے بھی کریں گے. **تصور نو** کا سیکشن ہمارے ڈسٹرکٹ میں درپیش مستقل چیلنجز اور مواقع کے خلاء کو پُر کرنے کے لیے CPS کی ایک طویل المدتی جدوجہد کا خاکہ پیش کرتا ہے — جو ایک ایسی جدوجہد ہے جو ہمارے اگلے مکمل پیمانے کے حکمت عملیانہ منصوبے کے لیے ایک پُل ثابت ہوگی. اس تصور نو کے عمل میں شروع سے ہی کمیونٹی کی رائے کے ذریعے رہنمائی کی گئی ہے. 1,000 سے زیادہ CPS طلباء، والدین، اساتذہ، پرنسپلوں، اور دیگر اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ کئی مہینوں کی آؤٹ ریچ میٹنگز اور بات چیت کے ذریعے، ہم نے ترجیحی دائرہ کار کی نشاندہی کی ہے جہاں ہم اپنی تصور نو کی کوششوں پر توجہ مرکوز کریں گے کہ CPS میں کیا ممکن ہے. ہم مشغولیت کے مواقع فراہم کرتے رہیں گے، اور ہم اپنی اسکول کمیونٹیز کو شرکت کرنے کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں. اپنے ڈسٹرکٹ کی حالت اور اپنے طلباء کی ضروریات کے حوالے سے جامع چھان بین اور دریافت کر کے، ہم CPS کو آگے بڑھانے کے تئیں بہترین حل مل کر تخلیق کر سکتے ہیں.

اگرچہ ہم اپنے طلباء کی ضروریات کو بہتر طریقے سے پورا کرنے کے لیے اپنی کچھ حکمت عملیوں میں کمی بیشی کر رہے ہیں، نیز پچھلے حکمت عملی کے منصوبے کے کئی عناصر — ہمارے کارعزم، ہماری بنیادی اقدار، مساوات کے تئیں ہماری وابستگی اور دیگر میں بھی ایسا کر رہے ہیں — تاکہ اس بنیادی منصوبے کو نافذ العمل کیا جا سکے.

### ہمارا کار عزم

گزشتہ چند سالوں کی مشکلات کے باوجود، ہمارا یہ کارعزم کبھی متزلزل نہیں ہوا ہے:

ہر گلی محلے کے ہر بچے کے لیے اعلیٰ معیار کی ایسی سرکاری تعلیم فراہم کرنا، جو ہر بچے کو کالج، کیریئر اور شہری زندگی میں کامیابی کے لیے تیار کرتی ہو.



### ہماری بنیادی اقدار

یہ بنیادی اقدار اس کام میں رہنمائی کرتی رہیں گی جو ہم اپنے طلباء کے لیے روزانہ کرتے ہیں. وہ ہماری منصوبہ بندی اور ضابطہ مشق کی بھی رہنمائی کریں گی جب ہم اس بنیادی منصوبہ میں تفصیلاً بیان کردہ پروگراموں، خدمات اور اقدامات کو نافذ کرنے کے لیے اپنے معلمین، خاندانوں اور کمیونٹیز کے ساتھ مل کر کام کرنے لگتے ہیں.

**طلباء پر مرکوز**
ہم جو کرتے ہیں اس کا مطمع نظر ہمارے طلباء ہیں.

**پورا بچہ (Whole Child)**
ہم اپنے طلباء کو معاونت فراہم کرتے ہیں تاکہ وہ صحت مند، محفوظ، مشغول اور تعلیمی لحاظ سے کسوٹی پر پورا اتریں.

**مساوات**
ہم کامیابی کی راہ میں حائل رکاوٹوں کو ختم کرتے ہیں اور تمام طلباء کے لیے مساوی مواقعوں کو یقینی بناتے ہیں.

**اکادمیاتی کمال**
ہم طلباء کو مستقبل میں کامیابی کے لیے تیار کرنے کے لیے اعلیٰ تعلیمی معیارات کے ہمراہ متنوع نصاب اور پروگرام فراہم کرتے ہیں.

**کمیونٹی شراکت داری**
ہم اپنے مشترکہ کارعزم کی تشکیل اور معاونت کے لیے ہر مقامی علاقے میں خاندانوں، کمیونیٹیز اور شراکت داروں پر انحصار کرتے ہیں.


**مسلسل آموزش**
ہم طلباء، اساتذہ، رہنماؤں، اور ڈسٹرکٹ کے عملے کے لیے تمام CPS میں مسلسل آموزش کے ایک ماحول کو فروغ دیتے ہیں.

### CPS گریجویٹ پروفائل

اخلاقی اور تعاون کرنیوالے رہنما | متجسس متعلمین | بااختیار فیصلہ ساز | کمیونٹی کے مشغول اراکین | موافقت پذیر اور آزاد مفکرین

فارغ التحصیل پروفائل وہ منزل ہے جو ہماری خواہش ہے کہ ہمارے فارغ التحصیل طلباء اسے حاصل کریں. مثالی طور پر، جب طلباء CPS سے فارغ التحصیل ہوتے ہیں، تو ان کے پاس اپنی دلچسپیوں کی پیروی کرنے اور اپنے پوسٹ سیکنڈری اہداف کے حصول کے لیے علم اور صلاحیت موجود ہوتی ہے. چاہے وہ کام کی جگہ پر، تربیتی پروگراموں یا اعلیٰ تعلیم میں داخل ہوتے ہیں، وہ مسائل کے حل کے لیے سماجی، جذباتی اور تعلیمی لحاظ سے تنقیدی اور تخلیقی طور پر سوچنے کے لیے تیار ہوتے ہیں. وہ ایسے ثقافتی لحاظ سے حساس اور باخبر فیصلہ ساز بھی ہیں جو متعدد نقطہ نظر کو سمجھنے کی صلاحیت کے حامل اور شہری زندگی میں اپنا کردار ادا کرنے کے خواہشمند ہوتے ہیں. اور وہ ایسے متحرک اور توازن کے حامل افراد بھی ہیں جو پیداواری ذاتی اور پیشہ ورانہ تعلقات قائم کرنے اور بھرپور اور فائدہ مند زندگی گزارنے کے قابل ہیں.

# عزائم نو




ہمارا ڈسٹرکٹ تین بنیادی عزائم رکھتا ہے جو ہمارے کام کو آگے بڑھاتے ہیں: تعلیمی پیشرفت، فعلیاتی عمدگی، اور اعتماد قائم کرنا. ہر ایک ترجیحی دائر کار کے اندر، ہم اپنے عزائم نو — ثابت شدہ حکمت عملیوں کا خاکہ پیش کر رہے ہیں جنہیں ہم اپنے طلباء اور اسکول کی کمیونٹیز کی وبائی مرض سے مکمل صحت یابی/بحالی میں مدد کے لیے فی الفور استعمال کر رہے ہیں اور بعد ازاں بھی کریں گے.

ہم آگاہ ہیں کہ اس وبائی مرض نے تمام طلباء کو برابر متاثر نہیں کیا. بحیثیت ڈسٹرکٹ یہ ہماری ذمہ داری ہے کہ ہم اس حقیقت کو پہچانیں اور مساویانہ بحالی کو یقینی بنائیں.


CPS میں، ہم اپنے کیے جانے والے تمام کاموں پر **ایکویٹی لینز/مساوات** کا عدسہ لگاتے ہیں.
یہ ہمیں موجودہ ساختوں اور عدم مساوات پیدا کرنے والی حالتوں کو دیکھنے اور سمجھنے کے قابل بناتا ہے، نیز ان تبدیلیوں کو بھی جو زیادہ منصفانہ تعلیمی ماحول پیدا کرنے کے لیے ضروری ہوتی ہیں.

مساوات حاصل کرنے کے لیے، ہم ہدفی عالمگیریت کی مشق کو بروئے کار لاتے ہیں — جس میں **آفاقی اہداف** کو متعین کرتے اور پھر ہدفی معاونت کا استعمال کرتے ہیں تاکہ طلباء اور اسکول کی کمیونٹیز کو مواقعوں کے خلاء/فرق کو ختم کرنے اور ان اہداف تک پہنچنے میں مدد کر سکیں.

یہ دونوں تصورات ہمارے کام میں مرکزی حیثیت کے حامل ہیں کیونکہ ہم اپنے طلباء کی بحال ہونے میں مدد کرتے ہیں.

## اکادمیاتی پیش رفت

کسی بھی اسکول ڈسٹرکٹ کا مرکزی کام طلباء کی مستقبل میں کامیاب ہونے کے لیے ضروری صلاحیتوں اور علم کو فروغ دینے میں مدد کرنا ہے. لیکن وبائی مرض کے بعد واپس لوٹتے ہوئے، ہمارے طلباء نے بڑی مشکلات — استعداد میں مجموعی طور پر تنزلی، مواقعوں میں مستقل اور وسیع خلاء/فرق، اور طلباء کے تجربے میں اختلاف رئے، کا سامنا کیا ہے. ہمیں اپنے طلباء کی تعلیمی، سماجی، اور جذباتی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے مزید کچھ کرنا ہوگا.




### تدریسی کور

ہماری تعلیمی پیشرفت کی بنیاد ہمارا انسٹرکشنل کور یعنی تدریس کا مرکزی حصہ ہے. اس ثابت شدہ نمونے کے لیے دوبارہ عزم کر کے، ہم اپنی پوری ڈسٹرکٹ میں کامیابیوں میں اضافہ کر سکتے ہیں.

CPS تدریس کا مرکزی حصہ شناخت، کمیونٹی، اور تعلقات پر مرکوز کرتا ہے.

طلباء کو اس مرکزی تدریس سے گزرنا چاہئیے جو اس بات کی جوابدہ اور اس بات کو برقرار رکھنے والی ہوتی ہے کہ وہ کون ہیں اور کیا لاتے ہیں اور یہ تدریس انہیں جڑنے، تصور کرنے، اور دنیا تشکیل دینے والے اخلاقی، تنقیدی اداکاروں کے طور پر کام کرنے کے لیے بھی بااختیار بناتی ہے.

یہاں وہ اجزاء دئیے گئے ہیں جو انسٹرکشنل کور یعنی تدریسی مرکزی حصہ بناتے ہیں:

- **مواد:** اس امر کو یقینی بنانا کہ تمام طلبا کو اعلیٰ معیار کے نصاب تک رسائی حاصل ہو جو سخت گیر اور ثقافتی لحاظ سے با ردعمل ہو، اور جب انہیں ہدفی معاونت کی ضرورت ہو تو مضبوط نظاموں اور مداخلتیں تک بھی رسائی ہو.
- **استاد:** یہ یقینی بنانا کہ اس تدریس کو طالب علم کو مرکزی حیثیت دیتے ہوئے تیار کیا گیا ہو، اور آموزش کی اسراعی مشقوں کا استعمال کرتے ہوئے بھی جو طلباء کو گریڈ لیول کے معیارات تک متواتر رسائی فراہم کرتی رہیں.
- **طالب علم:** اس امر کو یقینی بنانا کہ طالب علم کی شناخت کی بھی نشوونما کی جائے اور طلباء ہمارے کلاس رومز میں سماجی و جذباتی طور پر پھل پھول سکیں جبکہ پورے بچے کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے اسکول سے باہر مستحکم تجربات اور مواقع بھی فراہم کر رہے ہوں.




## اکادمیاتی پیش رفت (جاری)

### 1. اعلیٰ معیار کی سخت تدریس

**ہمارے عہد نو:**

- یہ یقینی بنائیں کہ ہر اسکول کو **کلاس کا چھوٹا سائز، آرٹس کی تدریس، مستحکم تعلیمی اور سماجی و جذباتی آموزش کے مداخلتی نظاموں، اور جامع اسکول سے باہر وقت اور موسم گرما کے پروگرام پیش کرنے کے لیے منظم کیا گیا ہے اور وسائل فراہم کیے گئے** ہیں.
- ہر طالب علم کو تمام اسکولز اور گریڈ کے درجوں کے لیے **اعلیٰ معیار کے نصاب** کے ساتھ مشغول ہونے دیں بشمول اسکائی لائن، پری-کے، اور SEL نصاب تک رسائی میں توسیع کرنا.
- تدریس سے آگاہ کرنے کے لیے **معنی خیز تشخیصات** کے استعمال اور تشخیصی ڈیٹا تک رسائی کو وسعت دیں جس میں کنڈرگارٹن تا گریڈ 12 اسکرینرز اور بینچ مارکس، اسکائی لائن ایمبیڈڈ تشخیصات اور SEL مہارتوں کی تشخیصات بھی شامل ہیں.
- عالمگیر پورے دن کی پری کنڈرگارٹن کو توسیع دینے اور ابتدائی خواندگی پروگراموں اور وسائل میں سرمایہ لگانے کے ذریعے **ابتدائی آموزش کے تجربات** بہتر بنائیں تاکہ طلباء کی کم عمری میں ہی پُراعتماد پڑھنے والے بننے میں مدد کی جا سکے.

### 2. باصلاحیت اور بااختیار اساتذہ

**ہمارے عہد نو:**

- اسکول کے فنڈز کے ذریعے **اساتذہ کے پیشہ ورانہ سیکھنے اور تعاون کے مواقع** میں اضافہ کریں اور اساتذہ کو پیشہ ورانہ ترقی پانے کے لیے **اضافی وقت اور مواقع فراہم کریں.**
- اسکول کے **رہنماؤں کے لیے ترقی کے مواقع میں سرمایہ کاری** کریں اور اساتذہ رہنماؤں تک ہماری پائپ لائن کو وسعت دیں.
- ہدفی اقدامات جیسے مواقعوں والے اسکول (Opportunity Schools) اور Teach Chicago Tomorrow کے ذریعے **عملہ رکھنے میں مشکلات والے اسکولوں** اور مضامین کے دائر کار میں خالی آسامیوں کو پُر کرنے کو ترجیح دیں.
- متنوع افرادی قوت کو یقینی بنائیں.

### 3. حفاظت، صحت مندی اور معاون آموزشی کمیونٹیز

**ہمارے عہد نو:**

- یقینی بنائیں کہ **پورے بچے کی مدد کے لیے** پالیسیاں اور ذرائع موجود ہیں تاکہ تمام طلباء تندرست، محفوظ، مشغول اور تعلیمی اعتبار سے کسوٹی پر ہوں.
- عارضی رہن سہن والے **حالات میں طلباء کے لیے**، ضرورت مند کمیونٹیز کے لیے اسکول مشیر کی مدد کے لیے، اور بحالی کے طریقوں پر عملے کی کوچنگ کے لیے وسائل کو **بڑھائیں.**
- ایسے پروٹوکول کا استعمال کریں **جو اسکول کمیونٹیز کو COVID-19 سے محفوظ رکھتے ہوں** اور طلباء کو اسکول میں رکھتے ہوں.



### آپریشنل ایکسیلنس (سابقہ "مالی استحکام")

ہمارے سابقہ حکمت عملی منصوبے میں، اس ترجیح کو "مالی استحکام" کہا گیا تھا، لیکن ہمارا عزم اس سے بھی بڑا ہے — یہ اس امر کو یقینی بنانے سے وابستہ ہے کہ ہمارے تمام طلباء کلاس روم کے اندر اور باہر محسوس کریں کہ انہیں اعلیٰ معیار کی خدمات کے ساتھ معاونت حاصل ہے، اور یہ بھی کہ پورے ڈسٹرکٹ میں مواقع کے خلاء/فرق کو ختم کرنے کے لیے وسائل کو مساوی طور پر تقسیم کیا جاتا ہے۔

### 1. اعلیٰ معیار کی سروسز

**ہمارے عہد نو:**

**ہماری عمارتوں میں سرمایہ لگائیں** تاکہ ہر طالب علم کو اعلیٰ معیار کے حامل اسکول کے ماحول تک رسائی حاصل ہو۔

- سیکھنے کا **محفوظ ماحول پیدا کرنے کے لیے یقینی بنائیں کہ عمارتوں کی روزانہ** صفائی ستھرائی اور دیکھ بھال کی جاتی ہے۔
- سیکھنے کا محفوظ ماحول پیدا کرنے کے لیے یقینی بنائیں کہ **عمارتوں کی روزانہ صفائی ستھرائی اور دیکھ بھال** کی جاتی ہے۔
- غذائیتی اعتبار سے متوازن ناشتہ اور **دوپہر کا کھانا کے اختیارات سے** آگاہ کرنے کے لیے طالب علم کی رائے کو بھی شامل کریں۔
- صارف دوستانہ عمل میں اور **نمایاں تاخیر کے بغیر سامان اور خدمات کی خریداری کریں۔**
- صارف دوستانہ عمل میں **اور نمایاں تاخیر کے بغیر سامان اور خدمات کی خریداری کریں۔**

### 2. منصفانہ وسائل

**عزائم نو:**

- ڈسٹرکٹ کی تدریسی ترجیحات میں **مکمل سرمایہ لگانے کے لیے اسکول کے رہنماؤں کے ساتھ کام کریں** اور طلبہ کے بنیادی تجربے کی معاونت کے لیے وسائل کو منتقل کریں۔
- **ہمارے سب سے زیادہ ضرورت مند طلباء** کی مدد کے لیے ہدفی سرمایہ کاری میں اضافہ کر کے فنڈنگ مساوات میں پیش قدمی کریں۔
- **ریاست سے اضافی تعلیمی فنڈنگ کو محفوظ بنائیں اور طلباء کی زیادہ منصفانہ** اور مناسب طریقے سے مدد کرنے کے لیے ہمارے فنڈنگ ماڈل کو بہتر بنائیں۔
- طالب علم کی **ایسی ٹیکنالوجی تک رسائی کو یقینی بنائیں** جس سے وہ اعلیٰ معیاری نصاب تک رسائی حاصل کر سکیں۔
- اقلیتوں کے ملکیتی اور خواتین کے **ملکیتی کاروباروں کے ساتھ معاہدوں کو بڑھائیں** تاکہ ہم جن کمیونٹیز میں خدمات پیش کرتے ہیں وہاں دولت کو بڑھا سکیں۔




## اعتماد قائم کرنا (سابقہ نام "سالمیت")

ہمارے گزشتہ حکمت عملی منصوبہ میں، اس ترجیح کو "سالمیت" کہا جاتا تھا، لیکن ہم نے اسے "اعتماد قائم کرنا" پر تبدیل کر دیا ہے، کیونکہ ہم نے شناخت کیا کہ سالمیت کے ساتھ کام کرنا اک ایسی شے ہے جو آپ اکیلے کرتے ہیں جبکہ اعتماد قائم کرنا اک ایسی شے ہے جسے ہم مل کر کرتے ہیں. اسے کرنے کے لیے، ہمیں اپنے طلباء اور خاندانوں اور ان کی رہنے کی متنوع کمیونٹیز کا احترام کرنا چاہئیے، اور اپنے مشترکہ کارعزم میں شراکت دار کی حیثیت سے ان کا احترام کریں. ہمارا چیلنج اس بات کو یقینی بنانا ہے کہ جن خاندانوں کو ہم خدمات پیش کرتے ہیں ان کے براہ راست تجربات کا احترام کریں اور اپنی فیصلہ سازی میں شفافیت کو یقینی بنائیں. سالمیت کے ساتھ قیادت کرنے کے اپنے عزم کے ایک حصے کے طور پر، ہم درج ذیل پر توجہ مرکوز کر کے اپنی کمیونٹی کے ساتھ شفایاب ہونے اور اعتماد پیدا ہونے کی ضرورت کو تسلیم کرتے ہیں:

### 1. شمولیتی شراکت داریاں

**ہمارے عہد نو:**

- تمام مقامی اسکول کونسلز (LSCs) اور بورڈ آف ایجوکیشن میں طلباء کے لیے فیصلہ سازی کے کردار تشکیل دے کر نوجوان افراد کی شرکت اور اثر و رسوخ کو اہمیت اور ترجیح دیں.
- تمام مقامی اسکول کونسلز (LSCs) اور بورڈ آف ایجوکیشن میں طلباء کے لیے فیصلہ سازی کے کردار تشکیل دے کر نوجوان افراد کی شرکت اور اثر و رسوخ کو اہمیت اور ترجیح دیں.
- CEO، CEdO اور COO، پرنسپل مشاورتی کونسل، اور نیٹورک مشاورتی گروپس کے ساتھ دو ماہانہ میٹنگز کے ذریعے ان کے اسکولوں پر اثر انداز ہونے والے تمام اہم فیصلوں پر پرنسپل کو مکمل طور پر مشغول رکھیں.
- مضبوط نظام قائم کر کے اسٹیک ہولڈر کی مشغولیت کو پالیسی سازی سے منسلک کریں تاکہ یقینی بنا سکیں کہ ڈسٹرکٹ پالیسیوں میں والدین اور کمیونٹی کی آوازوں کی نمائندگی کی جاتی ہے.

### 2. شفافیت

**ہمارے عہد نو:**

- **ڈسٹرکٹ کی جانب سے اسکولوں، پروگراموں،** اقدامات اور وسائل نیز **طلباء کے نتیجوں پر ان کے اثرات کے بارے میں فراہم کی جانے والی تمام رائے، معلومات کا فعال طور پر اشتراک کریں.**
- **ہماری خاندان سے متعلق پروگرامی پیشکشوں میں اضافہ کریں** اور یقینی بنائیں کہ ہمارے شراکت داروں کو اپنے طلباء کے لیے فیصلہ سازی میں معاونت کے لیے معلومات اور وسائل تک رسائی حاصل ہو.
- **عوام کو بروقت، متعلقہ، اور عین درست معلومات فراہم کریں اور** اسے شکاگو میں پورے ڈسٹرکٹ میں، والدین کی جانب مخاطب کردہ مواصلات کی صورت میں ان پانچ بڑی زبانوں میں ترجمہ کر کے قابل رسائی بنائیں: ہسپانوی، پولش، عربی، مینڈارن اور اردو.

## تصور نو

ہمارے بنیادی منصوبے کے **عزم نو** سیکشن میں موجود حکمت عملیاں ہمارے طلباء کی فی الفور طور پر وبائی مرض سے بحال ہونے اور انہیں مستقبل کی کامیابی کے تئیں تشکیل دینے میں مدد کے لیے ضروری ہیں. البتہ سب سے بنیادی بات یہ ہے کہ یہ عزائم نو اپنے طور پر ہمارے ڈسٹرکٹ میں متواتر مواقع کے خلاء کا خاتمہ کرنے اور دیرینہ مشکل مراحل سے نمٹنے کے لیے کافی نہیں ہوں گے. ہمیں اس بات کا **از سر نو تصور** کرنے کی ضرورت ہے کہ ہمارے ڈسٹرکٹ کے لیے کیا ممکن ہے اور کہ اپنے طلباء اور خاندانوں کے لیے مشترکہ حل تیار کرنے کے لیے مل کر کام کریں.

ہمارے ڈسٹرکٹ کو بڑے چیلنجز کا سامنا ہے جو گزشتہ کچھ سالوں میں مزید مشکل ہوتے گئے ہیں. جب بات تعلیمی ترقی کی ہو، تو ہمارے طلباء کی استعداد میں مجموعی طور پر کمی آئی ہے. وہ مواقعوں کے مستقل اور وسیع خلاء سے اور ایک سے دوسرے اسکول کے طلباء کے تجربات میں وسیع اختلاف کا سامنا کرتے رہے ہیں. مالی اور فعلیاتی نقطہ نظر سے، CPS میں اندراج میں کمی واقع ہو رہی ہے، اور ہماری سہولیات پرانی ہوتی جا رہی ہیں جن میں بہتری لانے کے لیے ایک جامع منصوبہ کی ضرورت ہے؛ اس تمام وقت کے دوران، ریاست ایلینوائے کی جانب سے CPS کو بہت زیادہ کم فنڈز دیئے گئے ہیں، اور وفاقی ہنگامی وبائی مرض کے امدادی فنڈز مالی سال 2025 میں ختم ہونے والے ہیں. اور جب بات اعتماد قائم کرنے کی ہو، تو CPS کو ہمارے خاندانوں کے براہ راست تجربات کو شناخت کرنے اور اپنی فیصلہ سازی میں زیادہ شفاف بننے کے لیے محنت کرنی پڑتی ہے.

ان چیلنجز کو حل کرنے کے لیے ہمیں **ازسر نو تصور کرنے** کا نازک کام سرانجام دینے کی ضرورت ہو گی. ہمیں معلوم ہے کہ حل اوپر سے نیچے مرتب نہیں کیے جا سکتے؛ بلکہ انہیں نیچے سے اوپر کی جانب بڑھایا جانا چاہئیے. لہٰذا اس سارے عمل کے دوران، ہم نے اپنے طلباء، خاندانوں، اساتذہ، رہنماؤں، شراکت داروں، اور کمیونٹی کے اراکین کو شامل کر کے ان دائرہ کار کے حوالے سے ان کی رائے طلب کی ہے ہمیں جن کو ترجیح دینی چاہئیے.



یہ وہ شعبہ جات ہیں جن کو ہماری کمیونٹیز نے CPS کے لیے دوبارہ تصور کرنے کے لیے اہم ترین خیال کیا ہے:

- اسٹیک ہولڈرز کو ان کی ضرورت کی معلومات فراہم کرتے ہوئے، تاریخی اور نظام کی عدم مساوات کے لیے احتساب کے سلسلے میں ہمارے نقطہ نظر کو بہتر بنائیں.
- ہماری داخلوں اور اندراج کی پالیسیوں اور عمل کو دوبارہ مرتب کریں تاکہ یقینی بنایا جا سکے کہ وہ تمام خاندانوں کے لیے ذمہ دار، قابل رسائی اور مساویانہ ہیں.
- اسٹیک ہولڈرز کو ان کی کمیونٹی میں اسکولوں کے مستقبل کے لیے دوبارہ سرمایہ کاری کرنے اور منصوبہ بندی بنانے کے لیے جان بوجھ کر شامل کریں.
- خاص طور پر ان طلباء کے لیے پراثر پروگرامنگ اور اسکول کے ماڈلز ڈیزائن کریں جو تعلیمی مواقع سے دور ہیں.
- گریڈ 6-12 کے تمام طلباء کو کیریئر کے بارے میں آگاہی اور تلاش، حقیقی دنیا کی تعلیم اور کالج کے ابتدائی مواقع کے ذریعے کیریئر کی مستعدی اور تیاری فراہم کریں.
- یقینی بنانے کے لیے کہ تمام طلبا مثبت، جامع اور فائدہ مند تعلیمی اور غیر نصابی تجربات تک رسائی حاصل کرنے کے لیے متنوع سیکھنے کی ضروریات کے حامل طلبہ کی خدمت کریں.
- پری-کے تا 2 ابتدائی خواندگی کی معاونت کا ایک مسلسل، مربوط نظام ڈیزائن کریں اور یہ یقینی بنانے کے لیے خاندانوں کے ساتھ شراکت داری کریں کہ ہر بچہ تیسرے گریڈ تک ایک ماہر ریڈر بن جاتا ہے.
- یقینی بنائیں کہ تمام طلباء دوسری زبان میں بولی اور تحریری مہارت پیدا کرتے ہیں.
- یقینی بنائیں کہ درجہ بندی کی پالیسیاں، طریقہ کار اور طریقہ کار یکساں، مساوی، اور شفاف ہیں.
- اسکول سے بعد کے وقت اور موسم گرما کے پروگرامنگ کی تعلیمی دن اور سال کی ایک اہم توسیع کے طور پر قدر بڑھائیں، جو تمام طلباء کو جوابدہ اور دل چسپ تجربات پیش کرتے ہیں.

ان میں سے کچھ دائرہ کار کے لیے پورے نظام میں بڑی تبدیلیوں اور بے باک نئے خیالات کی ضرورت ہوگی؛ دیگر ہم سے طالب علم کے تجربے میں آسان لیکن مؤثر اصلاحات لانے کا مطالبہ کریں گے. لیکن وہ تمام ایک دوسرے سے باہم مربوط ہیں اور ہمارے ڈسٹرکٹ بھر کے خاندانوں کے لیے ایک بہتر تجربے کا اضافہ کریں گے.

اس کام کو کمیونٹی کے تاثرات سے آگے بڑھایا جاتا رہے گا. ہم مسائل اور بنیادی اسباب کو سمجھنے، اہم اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ نئے تصورات تخلیق کرنے اور آزمانے کے لیے کام کرنے، اور بالآخر نتائج فراہم کرنے کے لیے ان موضوعات پر اپنی کمیونٹیز کے ساتھ مشغولیت کرتے رہیں گے.

**ہمارا نظریہ عمل یہ ہے:**

**اگر...** ہم یہ یقینی بنانے کے لیے کمیونٹیز کے ساتھ مل کر حل تیار کریں

- **رسائی کی برابری؛**
- **پروگرامنگ میں عمدگی؛ اور**
- **مساویانہ وسائل اور مالی استحکام...**

**پھر...** ہر طالب علم اعلیٰ معیار کی تعلیمی، سماجی جذباتی، اور ثقافتی طور پر با ردعمل آموزش کا تجربہ کرے گا؛ CPS فارغ التحصیلی پروفائل کی قابلیت کو فروغ دے گا؛ اور پوسٹ سیکنڈری کامیابی کے لیے تیار رہے گا.

کوئی غلطی نہ کریں — یہ چیلنجز دائرہ کار اور پیمانے میں معنی خیز ہیں. تاہم وہ اس بات کا ایک منفرد موقع بھی پیش کرتے ہیں کہ ہم جنہیں خدمات پیش کرتے ہیں ان خاندانوں کے لیے ایک بہتر اسکولی نظام کا از سر نو تصور کرنے کے لیے ضروری اور اہم کام انجام دیں. یہ کام ہمارے ڈسٹرکٹ میں تبدیلی لانے کی طاقت رکھتا ہے. ہم اس کام کو انجام دینے کے لیے، اور سب سے اہم یہ کہ — اسے اپنی کمیونٹیز کے ساتھ کرنے کے لیے پُرجوش ہیں.

Chicago Public Schools

DATE
SCALE
REV.

DRAWN BY
TRACED BY
CHECKED BY